CAREERINDIA

**SL. No : FF**

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 54 ]

Total No. of Questions : 54 ]

# CCE PR

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8

[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**

**Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : Third Language - URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ/ New Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 22. 06. 2017 ]

[ Date : 22. 06. 2017

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-15 ರವರೆಗೆ ]

[ Time : 9-30 A.M. to 12-15 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ]

[ Max. Marks : 100

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

## عام ہدایات :

.1 سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 54 سوالات ہیں۔

.2 اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

.3 معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

.4 بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

.5 جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-A/حصّہ-الف

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 12 × 1 = 12

1. ''شفیع الامم'' سے کون مُراد ہیں ؟

2. حسن گنگو بہمنی کا مقبرہ کس نے تعمیر کیا ؟

3. چاند نے آفتاب کسے قرار دیا ؟

4. سید احمد شاکر کے مطابق کونسی باتیں ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟

5. غزل کا پہلا شعر کیا کہلاتا ہے ؟

6. ''رئیس الاحرار'' کے لقب سے کسے پکارا جاتا تھا ؟

7. عالِم دوست مُلّا نصیر الدین کے علم کو کیوں آزمانا چاہتا تھا ؟

8. ''کسان'' نظم کے شاعر کا نام لکھئے۔

9. غولِ بیابانی نے ایسا کیوں کہا کہ اندھیرے میں آنے والے لوگ اِن کے بھائی بندھو ہیں ؟

10. چار مصرعوں پر مشتمل نظم کو کیا کہتے ہیں ؟

11. ریاستِ کرناٹک (میسورو) کی تشکیل کس بنیاد پر ہوئی ؟

12. مائکرو ایلکٹرانکس میں ''نانو اشیاء'' کی کیا اہمیت ہے ؟

نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 13 × 2 = 26

13. اِن الفاظ کی ضد لکھئے :

(i) عرش

(ii) خارج

14. بسویشور کا مندر کس لئے مشہور ہے ؟

15. شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



16. نظم 'پیغامِ یکجہتی' کے حوالے سے بتایئے، ہمیں جذبات کے دھارے میں کیوں نہیں بہنا چاہیئے ؟

17. 'نانوٹکنالوجی' کی مدد سے کینسر پر کس طرح قابو پایا جاسکتا ہے ؟

18. اس دوہے کو آسان نثر میں تبدیل کیجئے :

چرے الگ، پر جانور مل کر کرے جگال

پیٹ بھرے تو آدمی الگ ہوتے تت کال

19. مولانا محمد علی جوہر کے اردو اور انگریزی اخبارات کے نام لکھئے۔

20. ملک کی ترقی میں کسان کیا کردار ادا کر رہا ہے ؟

21. 'پورنیا' ایک خاموش تماشائی بن کر کیوں رہنا چاہتا تھا ؟

22. وہ کیا وجہ ہے جس سے شاعر اکبرالہ آبادی خود اپنے نہ ہو سکے ؟

23. مرکب جملہ کیسے بنتا ہے ؟ مرکب جملہ کی مثال دیجئے۔

24. درج ذیل مصرعوں میں تکرار پیدا کرنے والے الفاظ کو پہچان کر لکھئے :

(i) جس سے میں نے رشتہ جوڑا، جنم جنم نہ ٹوٹا

(ii) نگر نگر ہے چاند کی بستی پھلواری ہے گاؤں

25. علمِ طبعیات پر بوعلی سینا کے کیا احسانات رہے ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 8 × 3 = 24

بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجئے :

26. ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے سوائے کردار کے۔''

27. ''انہیں تو صرف تخلص بدلنا ہوتا ہے۔''

28. ''مجھے ملاقات کے بارے میں اُس وقت یاد آیا، جب میں نے اپنے دروازے پر آپ کا نام لکھا دیکھا۔''

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

29. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے

کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

www.careerindia.com

CAREERINDIA



30. جس دن سے چلا ہوں مری منزل پہ نظر ہے
آنکھوں نے کبھی میل کا پتھر نہیں دیکھا

31. زمانے کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں
ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

درج ذیل میں سے کسی ایک کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے :

32. (i) کرشن چندر (ii) مولانا ابوالبیان حمّاد

درج ذیل سے کسی ایک شاعر کا تعارف لکھئے :

33. (i) علامہ محمد اقبالؔ (ii) اکبرالہ آبادی

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

34. حضرت عائشہؓ کی فیاضی وسخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔

**یا**

مُلّا نصیرالدین کو کس لئے اپنے گھر میں چھپ کر بیٹھنا پڑا ؟

35. مولانا حالؔی کی ’حمد‘ یا مولانا حمّادؔ کی ’نعت‘ کے کوئی چار اشعار ( آٹھ مصرعے ) زبانی لکھئے۔

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل ہر مکمل یا نامکمل جملے کے چار چار جوابات دیئے گئے ہیں، سب سے زیادہ صحیح جواب منتخب کر کے جوابی پرچہ میں لکھئے : 15 × 1 = 15

36. ’حرم‘ کے معنی ہیں۔

A) مدرسہ B) دفتر
C) مندر D) مسجد



www.careerindia.com

CAREERINDIA



37. جملے کے دو حصّے یہ ہیں

A) مکتوب نگار اور مکتوب الیہ
B) مسند الیہ اور مسند
C) اسم اور صفت
D) فعل اور فاعل

38. دُور : فاصلہ : : دَور : ..................

A) زمانہ
B) نزدیکی
C) قدیم
D) درمیان

39. محاورہ 'پھیکا پڑنا' کے معنی ہیں

A) بدمزہ پکانا
B) بھیگ جانا
C) بے رونق ہونا
D) سوکھ جانا

40. ''چھوٹے اور بڑے سب وہاں تھے۔'' اس جملے میں حروفِ عطف ہے۔

A) چھوٹے
B) بڑے
C) اور
D) وہاں

41. قواعد کے اعتبار سے مونث لفظ ہے

A) مسکراہٹ
B) مگرمچھ
C) ذخیرہ
D) سفوف

42. مضمون کے تین حصّے ہیں

A) آغاز، انجام، تاثیر
B) آسان، روانی، تسلسل
C) عنوان، موضوع، اُسلوب
D) تمہید، نفسِ مضمون، اختتام

43. ''لاحقے'' سے بننے والا مرکب لفظ ہے

A) باذوق
B) اُردو دان
C) ہم محلّہ
D) بے حد

www.careerindia.com

44. چار حروفِ تخصیص یہ ہیں

A) نے، کو، سے، تک
B) ہر، ہی، بھی، تو
C) اِدھر، اُدھر، یہاں، وہاں
D) کون، کب، کیوں، کہاں

45. ''گاؤں'' کا ہم قافیہ لفظ ہے

A) چھاؤں
B) دیہات
C) شہر
D) چھوٹا

46. وہ حروف جو جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے موقع پر بے ساختہ زبان سے نکل جاتے ہیں

A) حروفِ ربط
B) حروف عطف
C) حروفِ تخصیص
D) حروفِ فجائیہ

47. وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے

A) مرکب کلمہ
B) مفرد کلمہ
C) غیر مستقل کلمہ
D) مستقل کلمہ

48. الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کچھ معنی و مطلب نکلتا ہو، کہلاتا ہے

A) مفرد لفظ
B) مرکب لفظ
C) شعر
D) جملہ

49. غیر متعلق لفظ ہے

A) خوشی
B) یاس
C) ناامیدی
D) مایوسی

50. ''مکتوب الیہ'' کے معنی

A) خط لکھنا
B) خط لکھنے والا
C) جس کو خط لکھا جائے
D) خط کی عبارت



www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-C/حصّہ - ج

.51 درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو زبان میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3

(i Earth is revolving round the sun

(ii Camels are found in deserts

(iii Smoke causes air pollution

.52 اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں جنم دن کی مبارک باد پیش کی گئی ہو۔ 1 × 4 = 4

**یا**

اپنے ہیڈ ماسٹر کے نام خط لکھ کر مناسب وجہ بتاتے ہوئے دو دن کی چھٹی طلب کریں۔

.53 کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) موبائیل فون کے فائدے

(ii) انسان کی زندگی میں علم کی اہمیت

درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے ہوئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

.54 جانداروں کے لئے توانائی کا اہم ذریعہ غذا ہے۔ نباتات شعاعی ترکیب کے ذریعہ خود اپنی غذا تیار کرتے ہیں، جبکہ حیوانات غذا کے لئے نباتات پر منحصر ہوتے ہیں۔ غذا سے جو توانائی حاصل ہوتی ہے اُسے جاندار زندگی کے افعال کو انجام دینے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

سوالات :

(i) جانداروں کے لئے توانائی کا اہم ذریعہ کیا ہے ؟

(ii) نباتات اپنی غذا کس طرح تیار کرتے ہیں ؟

(iii) حیوانات غذا کے لئے کن پر منحصر ہوتے ہیں ؟

(iv) جانداروں کو غذا کی ضرورت کیوں پڑتی ہے ؟



www.careerindia.com

www.careerindia.com